اور آپ جھکائے رکھیں اپنے بازو ان کے لیے جو پیچھے چلیں آپ کے مومنوں میں سے

اور آپ مومنوں میں سے جو آپ کے پیچھے چلیں ان کے لئے اپنے بازو جھکائے رکھیں۔(215)



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| فَإِنْ | عَصَوْكَ | فَقُلْ | إِنِّي | بَرِيٓءٌ | مِّمَّا |
|---|---|---|---|---|---|
| پھر اگر | نافرمانی کریں آپ کی | پھر آپ کہہ دو | یقیناً میں | بے زار ہوں | اس سے جو |

پھر اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو آپ کہہ دیں یقیناً میں ان کاموں سے بے زار ہوں

| تَعْمَلُونَ ﴿٢١٦﴾ | وَتَوَكَّلْ | عَلَى | الْعَزِيزِ | الرَّحِيمِ ﴿٢١٧﴾ | الَّذِي |
|---|---|---|---|---|---|
| تم عمل کرتے ہو | اور آپ بھروسہ رکھیں | اُوپر | سب پر غالب | نہایت رحم والے کے | جو |

جو تم کرتے ہو۔(216) اور آپ سب پر غالب، نہایت رحم والے پر بھروسہ رکھیں۔(217) جو

| يَرَاكَ | حِينَ | تَقُومُ ﴿٢١٨﴾ | وَتَقَلُّبَكَ | فِي السَّاجِدِينَ ﴿٢١٩﴾ |
|---|---|---|---|---|
| دیکھتا ہے آپ کو | جب | آپ کھڑے ہوتے ہیں | اور آپ کے پھرنے کو | سجدہ کرنے والوں میں |

آپ کو دیکھتا ہے جب آپ کھڑے ہوتے ہیں۔(218) اور سجدہ کرنے والوں میں آپ کے پھرنے کو بھی۔(219)

| إِنَّهُ | هُوَ | السَّمِيعُ | الْعَلِيمُ ﴿٢٢٠﴾ | هَلْ | أُنَبِّئُكُمْ | عَلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یقیناً | وہی | سب کچھ سننے والا | سب کچھ جاننے والا ہے | کیا | میں بتاؤں تمہیں | اُوپر |

یقیناً وہی سب کچھ سننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔(220) کیا میں تمہیں بتاؤں

| مَنْ | تَنَزَّلُ | الشَّيَاطِينُ ﴿٢٢١﴾ | تَنَزَّلُ | عَلَى | كُلِّ | أَفَّاكٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کس پر | اُترتے ہیں | شیاطین | اُترتے ہیں | اُوپر | ہر | زبردست جھوٹے |

کہ شیاطین کس پر اُترتے ہیں؟(221) وہ ہر زبردست جھوٹے

| أَثِيمٍ ﴿٢٢٢﴾ | يُلْقُونَ | السَّمْعَ | وَأَكْثَرُهُمْ | كَاذِبُونَ ﴿٢٢٣﴾ |
|---|---|---|---|---|
| سخت گناہ گار کے | وہ لا ڈالتے ہیں | سنی ہوئی بات | اور اکثر اُن میں سے | جھوٹے ہیں |

سخت گناہ گار پر اُترتے ہیں۔(222) وہ سنی ہوئی بات لا ڈالتے ہیں اور اُن میں سے اکثر جھوٹے ہیں۔(223)

| وَالشُّعَرَاءُ | يَتَّبِعُهُمُ | الْغَاوُونَ ﴿٢٢٤﴾ | أَلَمْ | تَرَ | أَنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور شاعر | پیچھے چلتے ہیں اُن کے | بھٹکے ہوئے لوگ | کیا نہیں | آپ دیکھتے | یقیناً وہ |

اور شاعروں کے پیچھے بھٹکے ہوئے لوگ چلتے ہیں۔(224) کیا آپ نہیں دیکھتے کہ یقیناً وہ



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فِي كُلِّ وَادٍ يَّهِيمُوْنَ ﴿٢٢٥﴾ وَاَنَّهُمْ يَقُولُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٢٢٦﴾

ہر وادی میں | سر مارتے پھرتے | اور یقیناً وہ | کہتے ہیں | جو | نہیں وہ کرتے

ہر وادی میں سر مارتے پھرتے ہیں؟(225)اور یقیناً وہ کہتے ہیں جو وہ کرتے نہیں ہیں۔(226)

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ

سوائے ان لوگوں کے | جو ایمان لائے | اور کام کیے | اچھے | اور جنہوں نے یاد کیا | اللہ تعالیٰ کو

سوائے اُن کے جو ایمان لائے اور جنہوں نے اچھے کام کیے اور اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کیا

كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ۭ وَسَيَعْلَمُ

کثرت سے | اور اُنہوں نے بدلہ لیا | بعد | اس کے کہ | اُن پر ظلم کیا گیا | اور جلد ہی جان لیں گے

اور انہوں نے بدلہ لیا اس کے بعد کہ اُن پر ظلم کیا گیا اور جنہوں نے ظلم کیا وہ جلد ہی جان لیں گے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿٢٢٧﴾ ع

ع ۱۱ ۳۶ ۱۵

وہ لوگ | جنہوں نے ظلم کیا | کس | لوٹنے کی جگہ پر | وہ لوٹ کر جانے والے ہیں

کہ وہ کس لوٹنے کی جگہ پر لوٹ کر جانے والے ہیں؟(227)

## ایاتها ۹۳ — ٢٧ سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ ٤٨ — رکوعاتها ٧

سُورہ نمل مکی ہے اس میں ترانوے آیات اور سات رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾

طٰسٓ | یہ | آیات ہی | قرآن کی | اور کتاب کی | واضح

طٰسٓ۔ یہ آیات قرآن اور ایک واضح کتاب کی ہیں۔(1)



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝٢ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ

ہدایت ہے | اور خوشخبری ہے | مومنوں کے لیے | جو لوگ | قائم کرتے ہیں | نماز

مومنوں کے لیے ہدایت اور خوشخبری ہیں۔(2) جو نماز قائم کرتے ہیں

وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝٣ اِنَّ

اور ادا کرتے ہیں | زکوۃ | اور وہی | آخرت پر | وہ | یقین رکھتے ہیں | یقیناً

اور زکوۃ ادا کرتے ہیں اور وہی آخرت پر بھی

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ

جو لوگ | نہیں ایمان لاتے | آخرت پر | خوشنما بنادیا ہم نے | اُن کے لیے | اُن کے اعمال کو

یقین رکھتے ہیں۔(3) یقیناً جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے، ہم نے اُن کے اعمال کو اُن کے لیے خوش نما بنا دیا ہے

فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ۝٤ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ

چنانچہ وہ | حیران پھرتے ہیں | یہی لوگ ہیں | جو | اُن کے لیے | بُرا | عذاب ہے

چنانچہ وہ حیران پھرتے ہیں۔(4) یہی لوگ ہیں جن کے لیے بُرا عذاب ہے۔ اور

وَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝٥ وَاِنَّكَ

اور وہ | آخرت میں | وہ | سب سے زیادہ خسارہ اُٹھانے والے ہوں گے | اور بلاشبہ آپ کو

آخرت میں یہی سب سے زیادہ خسارہ اُٹھانے والے ہوں گے۔(5)

لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝٦ اِذْ

دیا جا رہا ہے | قرآن | کمال حکمت رکھنے والے کی جناب سے | سب کچھ جاننے والے | جب

اور بلاشبہ آپ کو یہ قرآن کمال حکمت والے، سب کچھ جاننے والے کی جناب سے دیا جا رہا ہے۔(6) جب

قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا

کہا | موسیٰ نے | اپنے گھر والوں سے | یقیناً میں | میں نے دیکھی ہے | آگ

موسیٰ نے اپنے گھر والوں سے کہا: ”یقیناً میں نے ایک آگ دیکھی ہے۔



” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سَاٰتِيۡكُمۡ مِّنۡهَا بِخَبَرٍ اَوۡ اٰتِيۡكُمۡ بِشِهَابٍ قَبَسٍ

جلد ہی میں لاؤں گا آپ کے پاس اس سے کوئی خبر یا میں لاتا ہوں تمہارے پاس ایک سلگتا انگارا

جلد ہی میں آپ کے پاس وہاں سے کوئی خبر لاؤں گا یا آپ کے لئے کوئی سُلگتا انگارہ لے کر آؤں گا

لَّعَلَّكُمۡ تَصۡطَلُوۡنَ ۝٧ فَلَمَّا جَآءَهَا نُوۡدِيَ اَنۡۢ

تاکہ آپ سینکیں پھر جب وہ آیا اُس کے پاس آواز دی گئی یہ کہ

تاکہ آپ سینکیں۔'' (7) پھر جب وہ اُس کے پاس آیا، آواز دی گئی:

بُوۡرِكَ مَنۡ فِي النَّارِ وَمَنۡ حَوۡلَهَا ؕ وَسُبۡحٰنَ

برکت دی گئی ہے جو آگ میں ہے اور جو اس کے اردگرد ہے اور پاک ہے

''برکت دی گئی ہے اُسے جو آگ میں ہے اور جو اُس کے اردگرد ہے اور پاک ہے

اللّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝٨ يٰمُوۡسٰٓى اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ

اللہ تعالیٰ رب سارے جہانوں کا اے موسیٰ یقیناً وہ میں اللہ تعالیٰ ہوں

اللہ تعالیٰ جو سارے جہانوں کا رب ہے۔ (8) اے موسیٰ! یقیناً میں اللہ ہوں،

الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ۝٩ۙ وَاَلۡقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا

سب پر غالب کمال حکمت والا اور ڈال دو اپنی لاٹھی پھر جب اس نے دیکھا اسے

سب پر غالب، کمال حکمت والا۔ (9) اور اپنی لاٹھی ڈال دو۔'' پھر جب اُس نے

تَهۡتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدۡبِرًا وَّلَمۡ يُعَقِّبۡ ؕ

بل کھاتے ہوئے گویا کہ وہ سانپ ہے وہ لوٹا پیٹھ پھیر کر اور اس نے پیچھے مڑ کر نہ دیکھا

اُسے بل کھاتے دیکھا گویا کہ وہ سانپ ہے تو پیٹھ پھیر کر لوٹا اور پیچھے مُڑ کر نہ دیکھا

يٰمُوۡسٰى لَا تَخَفۡ ۚ اِنِّيۡ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الۡمُرۡسَلُوۡنَ ۝١٠ۖ

اے موسیٰ نہ تم ڈرو یقیناً میں نہیں ڈرا کرتے میرے پاس رسول

''اے موسیٰ! ڈرو نہیں۔ یقیناً رسول میرے پاس ڈرا نہیں کرتے۔ (10)



'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّيْ

مگر جس نے ظلم کیا پھر بدل دیا بھلائی سے بُرائی کے بعد پھر یقیناً میں

مگر جس نے ظلم کیا پھر اُس نے بُرائی کو بھلائی سے بدل دیا تو یقیناً میں

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١﴾ وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ

بے حد بخشنے والا نہایت رحم والا ہوں اور ڈالو اپنے ہاتھ اپنے گریبان میں وہ نکلے گا

بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہوں۔(11) اور اپنا ہاتھ

بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ

سفید بے عیب نو نشانیوں میں سے طرف فرعون کی اور اس کی قوم کی

اپنے گریبان میں ڈالو، وہ بے عیب سفید چمکتا ہوا نکلے گا۔ یہ نو نشانیوں میں سے ہیں فرعون اور اُس کی قوم کی طرف (جاؤ)

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿١٢﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا

یقیناً وہ تھے لوگ نافرمان تو جب آئیں اُن کے پاس ہماری نشانیاں

یقیناً وہ نافرمان لوگ تھے۔(12) تو جب آنکھیں کھول دینے والی ہماری نشانیاں

مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٣﴾ وَجَحَدُوْا

آنکھیں کھول دینے والی اُنہوں نے کہا یہ جادو ہے کھلا اور اُنہوں نے انکار کیا

اُن کے سامنے آئیں تو انہوں نے کہا کہ یہ کھلا جادو ہے۔(13) اور اُنہوں نے اُن کا

بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا فَانْظُرْ

اُن کا اور یقین کر چکے تھے اس کا اُن کے دل ظلم سے اور تکبر کے ساتھ پس آپ دیکھیں

ظلم اور تکبر سے انکار کیا حالانکہ اُن کے دل اس کا یقین کر چکے تھے پس آپ دیکھیں

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿١٤﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا

کیسا ہوا انجام فساد کرنے والوں کا اور بلاشبہ یقیناً عطا کیا ہم نے

فساد کرنے والوں کا کیسا انجام ہوا!(14) اور بلاشبہ یقیناً



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ

داؤد کو | اور سلیمان کو | علم | اور اُن دونوں نے کہا | تمام تعریف | اللہ تعالیٰ کی ہے

ہم نے داؤد اور سلیمان کو علم عطا کیا اور اُن دونوں نے کہا: ”تمام تعریف اللہ تعالیٰ کی ہے

الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٥﴾

جس نے | فضیلت دی ہمیں | اُوپر | بہت سے | اپنے بندوں میں سے | مومن

جس نے ہمیں اپنے بہت سے مؤمن بندوں پر فضیلت دی ہے۔“(15) اور داؤد کا وارث

وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا

اور وارث ہوا | سلیمان | داؤد کا | اور اس نے کہا | اے | لوگو | سکھائی گئی ہمیں

سلیمان ہوا اور اُس نے کہا: ”اے لوگو! ہمیں پرندوں کی زبانیں

مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ۭ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

زبانیں | پرندوں کی | اور دی گئی ہمیں | ہر قسم کی چیزیں | بلاشبہ | یہ | یقیناً وہ

سکھائی گئی ہیں اور ہمیں ہر قسم کی چیزیں عطا کی گئی ہیں بلاشبہ یہ یقیناً

الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿١٦﴾ وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ

فضل ہے | کھلا | اور جمع کیا گیا | سلیمان کے لیے | اس کا لشکر | جنوں میں سے

کھلا فضل ہے۔“(16) اور سلیمان کے لیے اُس کا لشکر جنوں،

وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿١٧﴾ حَتّٰٓى

اور انسانوں میں سے | اور پرندوں میں سے | تو ان کی | الگ الگ درجہ بندی کی گئی | حتیٰ کہ

انسانوں اور پرندوں میں سے جمع کیا گیا تو ان کی الگ الگ درجہ بندی کر دی گئی۔(17) حتیٰ کہ

اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا

جب | وہ آئے | اُوپر | وادی کے | چیونٹیوں کی | کہا | ایک چیونٹی نے | اے

جب وہ چیونٹیوں کی وادی میں آئے تو ایک چیونٹی نے کہا: ”اے



” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ

چیونٹیو | داخل ہوجاؤ | اپنے گھروں میں | نہ کچل ڈالیں تمہیں | سلیمان | اور اس کے لشکر

چیونٹیو! اپنے گھروں میں داخل ہوجاؤ کہیں سلیمان اور اُس کے لشکر تمہیں کچل نہ ڈالیں

وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٨﴾ فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا

اور وہ | نہ شعور رکھتے ہوں | تو اس نے مسکرادیا | ہنستے ہوئے | اُس کی بات سے

اور وہ شعور نہ رکھتے ہوں۔" (18) تو سلیمان اُس کی بات پر مسکراتے ہوئے ہنس پڑا

وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ

اور اس نے کہا | اے میرے رب | مجھے توفیق دے | یہ کہ | میں شکر ادا کروں | آپ کی نعمت کا

اور اس نے کہا: "اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر ادا کروں

الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ

جو | آپ نے انعام کی | مجھ پر | اور اُوپر | میرے والدین کے | اور یہ کہ

جو تُو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کی ہے اور

اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ

میں عمل کروں | نیک | آپ جسے پسند کریں | اور داخل فرمائیں مجھے | اپنی رحمت سے

میں ایسا نیک عمل کروں جسے تُو پسند کرے اور مجھے اپنی رحمت سے

فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩﴾ وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ

اپنے بندوں میں | نیک | اور اُس نے جائزہ لیا | پرندوں کا | تو کہا

اپنے نیک بندوں میں داخل فرما۔" (19) اور سلیمان نے پرندوں کا جائزہ لیا تو کہا:

مَا لِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ ۡ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ﴿٢٠﴾

کیا ہے مجھے | نہیں میں دیکھتا | ہدہد کو | یا | ہے وہ | غائب ہونے والوں میں سے

"کیا بات ہے میں ہُدہُد کو نہیں دیکھتا؟ یا وہ غائب ہونے والوں میں سے ہے؟ (20)



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| لَاُعَذِّبَنَّهٗ | عَذَابًا | شَدِيْدًا | اَوْ | لَاَاذْبَحَنَّهٗٓ | اَوْ |
|---|---|---|---|---|---|
| میں ضرور عذاب دوں گا اس کو | عذاب | بہت سخت | یا | یقیناً میں ضرور ذبح کردوں گا اسے | یا |

میں اُسے ضرور بہت سخت عذاب دوں گا یا یقیناً میں اُسے ضرور ذبح کردوں گا یا

| لَيَاْتِيَنِّيْ | بِسُلْطٰنٍ | مُّبِيْنٍ ﴿٢١﴾ | فَمَكَثَ | غَيْرَ بَعِيْدٍ |
|---|---|---|---|---|
| لازماً لائے گا میرے پاس | کوئی دلیل | واضح | تو وہ کچھ دیر ٹھہرا | نہ زیادہ ہوئی |

وہ لازماً کوئی واضح دلیل میرے پاس لائے گا۔" (21) تو وہ کچھ دیر ٹھہرا، جو زیادہ نہ تھی،

| فَقَالَ | اَحَطْتُّ | بِمَا | لَمْ تُحِطْ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|
| اس نے کہا | میں نے احاطہ کیا ہے | اس کا جو | نہیں احاطہ کیا آپ نے | اس کا |

پھر کہا: "میں نے احاطہ کیا ایک بات کا، جس کا تو نے احاطہ نہیں کیا

| وَجِئْتُكَ | مِنْ سَبَاٍ | بِنَبَاٍ | يَّقِيْنٍ ﴿٢٢﴾ | اِنِّيْ | وَجَدْتُّ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور لایا ہوں میں آپ کے پاس | سبا کے بارے میں | خبر | یقینی | یقیناً میں | میں نے پایا |

اور میں سبا سے ایک یقینی خبر آپ کے پاس لایا ہوں۔ (22) یقیناً میں نے

| امْرَاَةً | تَمْلِكُهُمْ | وَاُوْتِيَتْ | مِنْ كُلِّ شَيْءٍ | وَّلَهَا |
|---|---|---|---|---|
| ایک عورت کو | حکمرانی کرتی ہے اُن پر | اور اسے عطا کی گئی ہیں | ہر قسم کی چیزیں | اور اس کا |

ایک عورت کو پایا جو اُن پر حکمرانی کرتی ہے۔ اور اُسے ہر قسم کی چیزیں عطا کی گئی ہیں اور اُس کا

| عَرْشٌ | عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾ | وَجَدْتُّهَا | وَقَوْمَهَا | يَسْجُدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| تخت ہے | بڑا | میں نے پایا اُس کو | اور اُس کی قوم کو | وہ سجدہ کرتے ہیں |

بہت بڑا تخت ہے۔ (23) میں نے اُس کو اور اُس کی قوم کو پایا کہ وہ

| لِلشَّمْسِ | مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ | وَزَيَّنَ | لَهُمُ | الشَّيْطٰنُ |
|---|---|---|---|---|
| سورج کو | سوائے اللہ تعالیٰ کے | اور خوشنما بنا دیے ہیں | اُن کے لیے | شیطان نے |

اللہ تعالیٰ کے سوا سورج کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَعۡمَالَهُمۡ | فَصَدَّهُمۡ | عَنِ السَّبِيۡلِ | فَهُمۡ | لَا يَهۡتَدُوۡنَ ﴿٢٤﴾ |
| اُن کے اعمال | پس اس نے روک دیا انہیں | راستے سے | سو وہ | نہیں ہدایت پاتے |

اُن کے اعمال اُن کے لیے خوش نما بنادیے ہیں، پس انہیں سیدھی راہ سے روک دیا ہے، سو وہ ہدایت نہیں پاتے۔(24)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّا | يَسۡجُدُوۡا | لِلّٰهِ | الَّذِىۡ | يُخۡرِجُ | الۡخَبۡءَ |
| یہ کہ نہیں | وہ سجدہ کرتے | اللہ تعالیٰ کو | جو | نکالتا ہے | پوشیدہ چیزیں |

یہ کہ وہ اللہ تعالیٰ کو ہی سجدہ نہیں کرتے جو

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فِى السَّمٰوٰتِ | وَالۡاَرۡضِ | وَيَعۡلَمُ | مَا | تُخۡفُوۡنَ | وَمَا |
| آسمانوں میں | اور زمین میں | اور وہ جانتا ہے | جو | تم چھپاتے ہو | اور جو |

آسمانوں اور زمین میں سے پوشیدہ چیزیں نکالتا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تُعۡلِنُوۡنَ ﴿٢٥﴾ | اَللّٰهُ | لَاۤ اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | رَبُّ |
| تم ظاہر کرتے ہو | اللہ تعالیٰ | نہیں کوئی معبود | سوائے | وہ | رب ہے |

تم ظاہر کرتے ہو، وہ جانتا ہے۔(25) اللہ تعالیٰ جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو

السجدة ٨

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الۡعَرۡشِ الۡعَظِيۡمِ ﴿٢٦﴾ السجدة | قَالَ | سَنَنۡظُرُ | اَصَدَقۡتَ | اَمۡ |
| عرش عظیم کا | سلیمان نے کہا | جلد ہم دیکھیں گے | کیا تو نے سچ کہا | یا |

عرشِ عظیم کا رب ہے۔(26) سلیمان نے کہا: "ہم جلد ہی دیکھیں گے کہ تم نے سچ کہا یا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كُنۡتَ | مِنَ الۡكٰذِبِيۡنَ ﴿٢٧﴾ | اِذۡهَبۡ | بِّكِتٰبِىۡ | هٰذَا |
| ہے تو | جھوٹوں میں سے | لے جاؤ | میرے خط کو | اس |

تم جھوٹوں میں سے ہو۔(27) میرا یہ خط لے جاؤ،

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاَلۡقِهۡ | اِلَيۡهِمۡ | ثُمَّ | تَوَلَّ | عَنۡهُمۡ | فَانۡظُرۡ |
| پھر پھینک دو اس کو | اُن کی طرف | پھر | لوٹ آنا | اُن سے | پھر دیکھو |

چنانچہ اسے اُن لوگوں کی طرف پھینک دینا پھر اُن سے لوٹ جانا پھر دیکھو



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فَانْظُرِي مَاذَا تَأْمُرِينَ ﴿٣٣﴾ قَالَتْ إِنَّ الْمُلُوكَ

سو آپ دیکھ لیں | کیا کچھ | آپ حکم کرتی ہیں | ملکہ نے کہا | یقیناً | بادشاہ

سو آپ دیکھ لیں کہ آپ کیا حکم دیتی ہیں؟“ (33) ملکہ نے کہا: ”یقیناً بادشاہ

إِذَا دَخَلُوا قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا

جب | داخل ہوتے ہیں | کسی بستی میں | خراب کرتے ہیں وہ اسے | اور وہ کرتے ہیں

جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں اُسے خراب کر دیتے ہیں

أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً ۚ وَكَذَٰلِكَ يَفْعَلُونَ ﴿٣٤﴾ وَإِنِّي

عزت داروں کو | ذلیل | اور اسی طرح | وہ کریں گے | اور یقیناً میں

اور اُس کے عزت داروں کو ذلیل کر دیتے ہیں اور اسی طرح وہ لوگ کریں گے۔ (34) اور یقیناً میں

مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ بِمَ

بھیجنا چاہتی ہوں | اُن کی طرف | ایک ہدیہ | پھر انتظار کرنے والی ہوں | کس کے ساتھ

اُن کی خدمت میں ایک ہدیہ بھیجنا چاہتی ہوں۔ پھر انتظار کرنے والی ہوں

يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا جَاءَ سُلَيْمَانَ قَالَ

لوٹتے ہیں | سفیر | سو جب | آئے | سلیمان کے پاس | اُس نے کہا

سفیر کس جواب کے ساتھ لوٹتے ہیں؟“ (35) سو جب وہ سلیمان کے پاس آیا تو اُس نے کہا:

أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ فَمَا آتَانِيَ اللَّهُ خَيْرٌ

کیا تم مدد کرنا چاہتے ہو میری | مال سے | پھر جو | دیا مجھے | اللہ تعالیٰ نے | بہتر ہے

”کیا میری مدد تم لوگ مال سے کرنا چاہتے ہو؟ جو اللہ تعالیٰ نے مجھے دیا ہے وہ اُس سے بہتر ہے

مِمَّا آتَاكُمْ ۚ بَلْ أَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ ﴿٣٦﴾

اس سے جو | اس نے دیا ہے تمہیں | بلکہ | تم | اپنے تحفے سے | خوش ہوتے رہو

جو اُس نے تمہیں دیا ہے بلکہ تم ہی اپنے تحفے سے خوش ہوتے رہو۔ (36)



” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَاذَا | يَرْجِعُوْنَ ﴿٢٨﴾ | قَالَتْ | يٰٓاَيُّهَا | الْمَلَؤُا | اِنِّيْٓ |
| کس چیز کی (طرف) | وہ لوٹتے ہیں | ملکہ نے کہا | اے | سردارو | یقیناً میں |

کہ وہ کس چیز کی طرف لوٹتے ہیں؟" (28) ملکہ نے کہا: "اے سردارو! یقیناً

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اُلْقِيَ | اِلَيَّ | كِتٰبٌ | كَرِيْمٌ ﴿٢٩﴾ | اِنَّهٗ | مِنْ سُلَيْمٰنَ |
| ڈالا گیا | طرف میری | ایک خط | عزت والا | یقیناً وہ | سلیمان کی جانب سے ہے |

میری طرف ایک عزت والا خط ڈالا گیا ہے۔ (29) یقیناً وہ سلیمان کی جانب سے ہے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَاِنَّهٗ | بِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ ﴿٣٠﴾ | اَلَّا |
| اور یقیناً وہ | نام سے ہے | اللہ تعالیٰ کے | جو وسیع رحمت والا | بہت رحم والا ہے | یہ کہ نہ |

اور یقیناً وہ اللہ تعالیٰ کے نام سے ہے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے (30) یہ کہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تَعْلُوْا | عَلَيَّ | وَاْتُوْنِيْ | مُسْلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ ع | قَالَتْ | يٰٓاَيُّهَا |
| تم سرکشی کرو | میرے مقابلہ میں | اور حاضر ہو جاؤ میرے پاس | فرماں بردار ہو کر | ملکہ نے کہا | اے |

تم میرے مقابلے میں سرکشی نہ کرو اور میرے پاس فرماں بردار بن کر حاضر ہو جاؤ۔" (31) ملکہ نے کہا:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمَلَؤُا | اَفْتُوْنِيْ | فِيْٓ اَمْرِيْ ۚ | مَا | كُنْتُ | قَاطِعَةً |
| سردارو | مجھے مشورہ دو | میرے اس مسئلے میں | نہیں | ہوں میں | فیصلہ کرنے والی |

"اے سردارو! میرے اس مسئلہ میں مجھے مشورہ دو، میں کسی معاملے کا فیصلہ کرنے والی نہیں ہوں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَمْرًا | حَتّٰى | تَشْهَدُوْنِ ﴿٣٢﴾ | قَالُوْا | نَحْنُ |
| کسی کام کا | یہاں تک کہ | تم میرے پاس حاضر ہو جاؤ | اُنہوں نے کہا | ہم |

یہاں تک کہ تم میرے پاس حاضر ہو۔" (32) انہوں نے کہا: "ہم لوگ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اُولُوْا قُوَّةٍ | وَّاُولُوْا بَاْسٍ | شَدِيْدٍ ۙ | وَّالْاَمْرُ | اِلَيْكِ |
| قوت والے ہیں | اور جنگ جو ہیں | سخت قسم کے | اور فیصلہ | آپ کے ہاتھ میں ہے |

طاقت ور اور سخت جنگ جو ہیں، اور فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے،



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اِرۡجِعۡ اِلَيۡهِمۡ فَلَنَاۡتِيَنَّهُمۡ بِجُنُوۡدٍ لَّا قِبَلَ

لوٹ جاؤ اُن کے پاس پھر ہم ضرور آئیں گے اُن کے پاس ایسے لشکروں کے ساتھ نہیں مقابلہ کرسکیں گے

لوٹ جاؤ اُن کے پاس پھر ہم ضرور اُن پر ایسے لشکر لے کر آئیں گے جن کا وہ مقابلہ نہ کرسکیں گے

لَهُمۡ بِهَا وَلَنُخۡرِجَنَّهُمۡ مِّنۡهَاۤ اَذِلَّةً وَّهُمۡ

جن کا ساتھ اس کے اور لازماً ہم ضرور نکالیں گے اُن کو اس سے بے عزت کرکے اور وہ

اور ہم اُنہیں لازماً وہاں سے بے عزت کرکے نکالیں گے اور وہ بہت

صٰغِرُوۡنَ ﴿٣٧﴾ قَالَ يٰۤاَيُّهَا الۡمَلَؤُا اَيُّكُمۡ

بہت خوار ہوں گے سلیمان نے کہا اے سردارو کون تم میں سے

خوار ہوں گے۔'' (37) سلیمان نے کہا: ''اے سردارو! تم میں سے کون

يَاۡتِيۡنِىۡ بِعَرۡشِهَا قَبۡلَ اَنۡ يَّاۡتُوۡنِىۡ مُسۡلِمِيۡنَ ﴿٣٨﴾

لاتا ہے میرے پاس اس کا تخت پہلے اس سے کہ وہ آئیں میرے پاس مطیع ہوکر

اُس کا تخت میرے پاس لاتا ہے اس سے پہلے کہ وہ مطیع ہوکر میرے پاس آئیں؟'' (38)

قَالَ عِفۡرِيۡتٌ مِّنَ الۡجِنِّ اَنَا اٰتِيۡكَ

کہا ایک دیو نے جنوں میں سے میں لے کر آتا ہوں آپ کے پاس

جنوں میں سے ایک دیو نے کہا: ''میں اُسے اس سے بھی پہلے لے کر آتا ہوں

بِهٖ قَبۡلَ اَنۡ تَقُوۡمَ مِنۡ مَّقَامِكَ ۚ وَاِنِّىۡ

اس کو پہلے اس سے کہ آپ اٹھیں اپنی جگہ سے اور یقیناً میں

کہ آپ اپنی جگہ سے اُٹھیں اور یقیناً میں اس پر

عَلَيۡهِ لَقَوِىٌّ اَمِيۡنٌ ﴿٣٩﴾ قَالَ الَّذِىۡ عِنۡدَهٗ

اس پر قوت رکھنے والا امانت دار ہوں کہا اس شخص نے جس کے پاس تھا

قوت رکھنے والا، امانت دار ہوں۔'' (39) جس شخص کے پاس



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ

ایک علم | کتاب میں سے | میں | لے آتا ہوں آپ کے پاس | اُس کو | پہلے

کتاب کا علم تھا اُس نے کہا: ''میں اُسے آپ کے پاس اس سے پہلے لے آتا ہوں

اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ

اس سے کہ | لوٹے | آپ کی طرف | نظر آپ کی | چنانچہ جب | اس نے دیکھا اُس کو

کہ آپ کی نظر آپ کی طرف لوٹے چنانچہ جب اُس نے تخت کو اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا''

مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۚ قف

رکھا ہوا ہے | اس کے پاس | اُس نے کہا | یہ | فضل سے ہے | میرے رب کے

تو کہا: ''یہ میرے رب کے فضل میں سے ہے

لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَمَنْ شَكَرَ

تا کہ وہ آزمائے مجھے | کیا میں شکر کرتا ہوں | یا | میں ناشکری کرتا ہوں | اور جو کوئی | شکر کرے

تا کہ وہ مجھے آزمائے کہ میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری؟ اور جو کوئی شکر کرے

فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ

تو یقیناً | وہ شکر کرتا ہے | اپنے لیے | اور جو کوئی | ناشکری کرے | تو یقیناً

تو یقیناً وہ اپنے ہی لیے شکر کرتا ہے اور جو کوئی ناشکری کرے تو یقیناً

رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ۝ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا

میرا رب | بڑا بے نیاز ہے | بڑا کرم کرنے والا ہے | اُس نے کہا | بدل دو | اس کے لئے

میرا رب بڑا بے پروا، بڑا کرم کرنے والا ہے۔'' (40) سلیمان نے کہا: ''اُسے اُس کا

عَرْشَهَا نَنْظُرْ اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ

تخت اس کا | ہم دیکھتے ہیں | کیا وہ ہدایت حاصل کرتی ہے | یا | وہ ہے | اُن میں سے جو

تخت بدل کر دو، ہم دیکھتے ہیں کہ کیا وہ سمجھ پاتی ہے یا وہ اُن میں سے ہے



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٤١﴾ فَلَمَّا جَآءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ

نہیں ہدایت پاتے | پھر جب | وہ آئی | کہا گیا | کیا ایسا ہے | تیرا تخت

جو ہدایت نہیں پاتے ؟"(41) پھر جب ملکہ آئی تو کہا گیا: "کیا تمہارا تخت ایسا ہی ہے؟"

قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ

اُس نے کہا | شاید وہ | وہی ہے | اور ہمیں عطا کیا گیا | علم

اُس نے کہا:" شاید یہ وہی ہے اور ہمیں تو اس سے پہلے علم عطا کیا گیا تھا۔

مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ

اس سے پہلے | اور تھے ہم | فرماں بردار | اور روک رکھا تھا اسے | جو | تھی وہ

اور ہم فرماں بردار تھے۔"(42) اور اُسے اُن چیزوں نے روک رکھا تھا

تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿٤٣﴾

عبادت کرتی | سوائے اللہ تعالیٰ کے | یقیناً وہ | تھی | کافر قوم میں سے

جن کی وہ اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کرتی تھی۔ یقیناً وہ کافر قوم میں سے تھی۔(43)

قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ

کہا گیا | اس سے | داخل ہو جاؤ | محل میں | پھر جب | دیکھا اسے

اُس سے کہا گیا کہ محل میں داخل ہو جاؤ! پھر جب اُس نے اُسے دیکھا تو

حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ؕ قَالَ

اس نے خیال کیا اُس کو | گہرا پانی | اور اس نے کھول دیں | اپنی پنڈلیوں سے | سلیمان نے کہا

اُس کو گہرا پانی خیال کیا اور اُس نے اپنی دونوں پنڈلیوں سے کپڑا کھول دیا سلیمان نے کہا:

اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ۬ قَالَتْ

یقیناً وہ | محل ہے | جڑا ہوا | شیشوں سے | ملکہ نے کہا

یقیناً یہ ایک محل ہے، شیشوں سے بنایا گیا ہے۔ ملکہ نے کہا:



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّ | اِنِّیْ | ظَلَمْتُ | نَفْسِیْ | وَاَسْلَمْتُ | مَعَ |
| اے میرے رب | یقیناً میں نے | ظلم کیا | اپنی جان پر | اور میں فرماں بردار ہوئی | ساتھ |

”اے میرے رب! یقیناً میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور میں

ع ٣ ١٤ ١٨

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سُلَیْمٰنَ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِیْنَ ﴿۴۴﴾ | وَلَقَدْ |
| سلیمان کے | اللہ تعالیٰ کے لئے | رب ہے | تمام جہانوں کا | اور بلاشبہ یقیناً |

سلیمان کے ساتھ اللہ ربّ العالمین کی فرماں بردار ہوئی ہوں۔“(44)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَرْسَلْنَآ | اِلٰی | ثَمُوْدَ | اَخَاهُمْ | صٰلِحًا | اَنِ |
| بھیجا ہم نے | طرف | ثمود کی | اُن کے بھائی | صالح کو | یہ کہ |

اور ہم نے ثمود کی طرف اُن کے بھائی صالح کو بھیجا یہ کہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اعْبُدُوا | اللّٰهَ | فَاِذَا | هُمْ | فَرِیْقٰنِ | یَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ |
| عبادت کرو | اللہ تعالیٰ کی | تو یکا یک | وہ | دو فریق تھے | آپس میں جھگڑ رہے تھے |

اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو تو یکا یک وہ دو فریق تھے کہ آپس میں جھگڑ رہے تھے۔(45)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | یٰقَوْمِ | لِمَ | تَسْتَعْجِلُوْنَ | بِالسَّیِّئَةِ | قَبْلَ |
| اُس نے کہا | اے میری قوم | کیوں | تم جلدی مانگتے ہو | بُرائی کو | پہلے |

صالح نے کہا: ”اے میری قوم! تم لوگ بھلائی سے پہلے بُرائی کے لیے جلدی کیوں کرتے ہو؟

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْحَسَنَةِ ۚ | لَوْلَا | تَسْتَغْفِرُوْنَ | اللّٰهَ | لَعَلَّكُمْ | تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ |
| بھلائی سے | کیوں نہیں | تم مغفرت طلب کرتے | اللہ تعالیٰ سے | تا کہ تم پر | رحم کیا جائے |

کیوں نہیں تم اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتے تا کہ تم پر رحم کیا جائے؟“(46)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوا | اطَّیَّرْنَا | بِكَ | وَبِمَنْ | مَّعَكَ ۭ | قَالَ |
| اُنہوں نے کہا | منحوس سمجھتے ہیں ہم | آپ کو | اور اُن کو جو | ساتھ ہیں تیرے | اُس نے کہا |

انہوں نے کہا: ”ہم تمہیں اور تمہارے ساتھیوں کو منحوس سمجھتے ہیں۔“ صالح نے کہا:



” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



طٰٓئِرُكُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ

نحوست تمہاری | پاس ہے | اللہ تعالیٰ کے | بلکہ | تم | لوگ

”تمہاری نحوست تو اللہ تعالیٰ کے پاس ہی سے ہے۔ بلکہ تم لوگ

تُفۡتَنُوۡنَ ﴿٤٧﴾ وَكَانَ فِى الۡمَدِيۡنَةِ تِسۡعَةُ رَهۡطٍ

فتنے میں مبتلا کردیے گئے ہو | اور تھے | شہر میں | نو | جتھے دار

فتنے میں مبتلا کردیے گئے ہو۔“ (47) اُس شہر میں نو جتھے دار تھے

يُّفۡسِدُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا يُصۡلِحُوۡنَ ﴿٤٨﴾ قَالُوۡا

فساد پھیلاتے تھے | زمین میں | اور نہیں وہ اصلاح کرتے تھے | اُنہوں نے کہا

جو زمین میں فساد پھیلاتے تھے اور کوئی اصلاح کا کام نہ کرتے تھے۔ (48) اُنہوں نے کہا:

تَقَاسَمُوۡا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهۡلَهٗ ثُمَّ

قسم کھاؤ | اللہ تعالیٰ کی | تاکہ ہم شب خون ماریں اس پر | اور اس کے گھر والوں پر | پھر

”تم لوگ اللہ تعالیٰ کی قسم کھاؤ، ہم اُس پر اور اُس کے گھر والوں پر ضرور شب خون ماریں گے، پھر

لَنَقُوۡلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدۡنَا مَهۡلِكَ

ہم ضرور کہیں گے | اس کے وارث سے | نہیں | موجود تھے ہم | ہلاکت کے وقت

ہم ضرور اُس کے وارث سے کہہ دیں گے کہ ہم اُس کے گھر والوں کی ہلاکت کے موقع پر موجود نہ تھے

اَهۡلِهٖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوۡنَ ﴿٤٩﴾ وَمَكَرُوۡا مَكۡرًا

اس کے گھر والوں کی | اور بلاشبہ ہم | یقیناً سچے ہیں | اور اُنہوں نے ایک خفیہ تدبیر کی | ایک خفیہ تدبیر

اور ہم بلاشبہ سچے ہیں۔“ (49) اور انہوں نے ایک خفیہ تدبیر کی

وَّمَكَرۡنَا مَكۡرًا وَّهُمۡ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿٥٠﴾ فَانۡظُرۡ

اور تدبیر کی ہم نے | ایک تدبیر | اور وہ | شعور نہیں رکھتے تھے | پھر آپ دیکھیں

اور ہم نے بھی ایک خفیہ تدبیر کی اور وہ شعور نہیں رکھتے تھے۔ (50) پھر آپ دیکھیں



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | مَكْرِهِمْ ۙ | اَنَّا | دَمَّرْنٰهُمْ |
| کیسا | ہوا | انجام | اُن کی خفیہ تدبیر کا | یقیناً ہم | ہم نے تباہ کرکے رکھ دیا اُن کو |

اُن کی خفیہ تدبیر کا انجام کیسا ہوا! یقیناً ہم نے اُن کو

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَقَوْمَهُمْ | اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۱﴾ | فَتِلْكَ | بُيُوْتُهُمْ | خَاوِيَةً |
| اور اُن کی قوم کو | سب کو | پھر یہ | گھر اُن کے | ویران پڑے ہیں |

اور اُن کی پوری قوم کو تباہ کر کے رکھ دیا۔(51) پھر یہ رہے اُن کے گھر ویران پڑے ہیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | ظَلَمُوْا ؕ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | لِّقَوْمٍ |
| بوجہ اس کے جو | اُنہوں نے ظلم کیا | بلاشبہ | اس میں | یقیناً ایک نشانی ہے | ایسی قوم کے لیے |

اس وجہ سے کہ انہوں نے ظلم کیا، یقیناً اس میں ایک نشانی ہے اُن کے لیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَّعْلَمُوْنَ ﴿۵۲﴾ | وَاَنْجَيْنَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَكَانُوْا |
| وہ جانتے ہیں | اور نجات دی ہم نے | اُن لوگوں کو جو | ایمان لائے | اور تھے وہ |

جو جانتے ہیں۔(52) اور ہم نے اُن لوگوں کو نجات دی جو ایمان لائے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾ | وَلُوْطًا | اِذْ | قَالَ | لِقَوْمِهٖۤ | اَتَاْتُوْنَ |
| ڈرتے | اور لوط | جب | اُس نے کہا | اپنی قوم سے | کیا تم آتے ہو |

اور وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے تھے۔(53) اور لوط کو جب اُس نے اپنی قوم سے کہا:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْفَاحِشَةَ | وَاَنْتُمْ | تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾ | اَىِٕنَّكُمْ | لَتَاْتُوْنَ |
| بے حیائی کو | اور حالانکہ تم | دیکھتے ہو | کیا بلاشبہ تم | یقیناً آتے ہو |

”کیا تم بے حیائی کو آتے ہو اور حالانکہ تم دیکھتے ہو(54) کیا تم

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الرِّجَالَ | شَهْوَةً | مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ | بَلْ | اَنْتُمْ |
| مردوں کے پاس | شہوت کے لیے | بجائے عورتوں کے | بلکہ | تم |

عورتوں کی بجائے مردوں کے پاس شہوت سے آتے ہو؟ بلکہ تم



” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿٥٥﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ

لوگ ہو | جہالت برتتے ہو | تو نہیں | تھا | جواب | اس کی قوم کا

لوگ جہالت برتتے ہو۔" (55) تو اُس کی قوم کا جواب اس کے سوا کچھ نہ تھا

اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ

مگر | یہ کہ | اُنہوں نے کہا | نکال دو | لوط کے گھر والوں کو | اپنی بستی سے

کہ انہوں نے کہا: "اپنی بستی سے لوط کے گھر والوں کو نکال دو۔

اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ

یقیناً وہ | لوگ ہیں | بڑے پاک باز بنتے ہیں | پھر نجات دی ہم نے اس کو | اور اس کے گھر والوں کو

یقیناً وہ بڑے پاک باز بنتے ہیں۔" (56) پھر ہم نے اُس کو اور اُس کے گھر والوں کو نجات دی،

اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٥٧﴾

سوائے | اس کی بیوی کے | طے کر دیا تھا ہم نے اُس کے لیے | پیچھے رہنے والوں میں سے ہوگی

سوائے اُس کی بیوی کے جس کے لیے ہم نے طے کر دیا تھا کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہوگی۔ (57)

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٥٨﴾ ع ٤ ١٤ ١٩

اور بارش برسائی ہم نے | اُن پر | زبردست بارش | سو بُری تھی | بارش | ڈرائے جانے والوں کی

اور ہم نے اُن پر بارش برسائی، زبردست بارش، سو ڈرائے جانے والوں کی بہت ہی بُری بارش تھی۔ (58)

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ

آپ کہہ دیں | سب تعریف اللہ کے لئے | اور سلام ہے | اُوپر | اس کے بندوں کے

آپ کہہ دیں سب تعریف اللہ کے لئے ہے اور سلام اُس کے اُن بندوں پر

الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٩﴾

جنہیں | اُس نے چن لیا | کیا اللہ تعالیٰ | بہتر ہے | یا جنہیں | وہ لوگ شریک بناتے ہیں

جنہیں اُس نے چن لیا۔ کیا اللہ تعالیٰ بہتر ہے یا وہ جنہیں یہ لوگ شریک بناتے ہیں؟ (59)



" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "